## فضائی نقل و حمل (ایوی ایشن)

# ایران جنگ کے باعث پاکستان سے بین الاقوامی پروازوں میں **50%** کمی۔

پاکستان سے بین الاقوامی روانگی ، فروری بمقابلہ مارچ 2026




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## فضائی نقل وحمل (ایوی ایشن)

## ایران جنگ کے باعث پاکستان سے بین الاقوامی پروازوں میں 50% کمی۔

(اسلام آباد)، 18 مارچ 2026

پاکستان میں مارچ کے آغاز میں بین الاقوامی فضائی نقل وحمل میں اچانک اور غیر معمولی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس ایوی ایشن ڈیش بورڈ کے مطابق، بین الاقوامی روانہ ہونے والی پروازیں 1 سے 10 فروری کے دوران 1,127 تھیں، جو 1 سے 10 مارچ کے دوران کم ہو کر 572 رہ گئیں —— یعنی چند ہفتوں میں بین الاقوامی پروازوں میں تقریباً 50% کی کمی دیکھنے میں آئی۔

اس طرح کی اچانک کمی عام حالات میں نہیں ہوتی۔ یہ صورتحال فروری 2026 کے آخر میں ایران سے متعلق کشیدگی بڑھنے کے بعد خطے میں فضائی حدود کی بندش سے جڑی ہوئی ہے۔ ایران اور خلیجی ممالک کے کچھ حصوں میں فضائی پابندیوں اور سیکیورٹی خدشات کے باعث کئی پروازیں منسوخ ہوئیں، راستے تبدیل کیے گئے اور بین الاقوامی ایئر لائنز نے پروازیں کم کر دیں۔

چونکہ پاکستان کی فضائی آمدورفت خلیجی ممالک کے نیٹ ورک پر بہت زیادہ منحصر ہے، اس لیے ان رکاوٹوں کا اثر فوراً پاکستانی ہوائی اڈوں سے روانہ ہونے والی پروازوں میں کمی کی صورت میں سامنے آیا ہے۔

پروازوں کے راستوں میں بھی تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے۔ فروری کے آغاز میں پروازیں دبئی اور جدہ سمیت مختلف خلیجی شہروں تک جا رہی تھیں، لیکن مارچ کے آغاز میں زیادہ تر پروازیں سعودی عرب، خاص طور پر جدہ اور ریاض تک محدود ہو گئیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضروری اور مذہبی سفر جاری رہا ہے، جبکہ خلیجی ممالک کی طرف مجموعی سفر میں کمی آئی ہے۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمی صرف تعداد میں نہیں بلکہ بین الاقوامی سفر کی نوعیت میں بھی آئی ہے۔ یہ ڈیٹا واضح کرتا ہے کہ بیرونی سیاسی حالات پاکستان کی فضائی نقل وحمل کو تیزی سے متاثر کر سکتے ہیں، خاص طور پر اس وجہ سے کہ پاکستان مشرقِ وسطیٰ کے فضائی راستوں سے گھرا جڑا ہوا ہے۔




*Source: Gallup Pakistan Aviation Dashboard*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

یہ تجزیہ گیلپ & گیلانی پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کی جانب سے کیا گیا ہے جو ایوی ایشن مانیٹرنگ سسٹمز کے بین الاقوامی روانگی کے ڈیٹا پر مبنی ہے۔ جس میں 1 فروری تا 10 فروری 2026 اور 1 مارچ تا 10 مارچ 2026 کے دوران پاکستان سے باہر جانے والی پروازوں کا موازنہ کیا گیا ہے۔ جو گیلپ پاکستان ایوی ایشن ڈیش بورڈ پر دستیاب ہے۔

**GALLUP PAKISTAN**
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 18th March 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)